8846-کتاب "تقریب التهذیب"

سوال

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی کی تقریب التھذیب کے عنوان سے کتاب ہے ، تواس عنوان کا معنی کیا اوراس کا قصہ کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ کتاب احادیث کے راویوں کے نام اوران کے حالات میں ایک بہت بڑی اور ضخیم کتاب کا انتہائ ترین اختصار ہے ۔

حافظ مقدسی رحمہ اللہ تعالی نے (الکمال فی اسماء الرجال) کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی جس میں انہوں نے صحیحین اورسنن اربعہ کے رواۃ کے متعلق آئمہ کرام کے اقول نقل کیے جن میں امام بخاری کیا تاریخ اورابن ابی حاتم اورابن معین وغیرہ کی کتابوں پرانحصار کیا ۔

پھر حافظ مذی یرحمہ اللہ تعالی نے اس کتاب کا اختصار کیا جس کا نام (تھذیب الکمال) رکھا اور بعد میں حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ آئے توانہوں نے اسے مختصر کیا اوران اشیاء کا اضافہ کیا جوان دونوں کتابوں میں رہ گئ تھیں اوران کی تعقیب کرکے اس مختصر کا نام (تھذیب التھذیب) رکھا ، پھر اس کتاب کو (تقریب التھذیب) کے نام میں مختصر کیا ۔

واللہ اعلم

.